کیا میاں بیوی کے کچھ عرصہ دور رہنے سے طلاق ہو جاتی ہے؟

مجیب: مولانا محمد سعید عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2266

تاریخ اجراء: 29 جمادی الاولیٰ 1445ھ/14 دسمبر 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میری بیوی مجھ سے چند سال سے دور ہے، میں واپسی چاہتا ہوں، لیکن وہ نہیں مانتی، یہ مسئلہ میں نے پنچائت میں دائر کروایا، تو پنچائت کے بڑے کہتے ہیں کہ تین ماہ میاں بیوی نہ ملیں، تو طلاق ہو جاتی ہے۔ آپ پہلے اس کا فتوی کہیں سے حاصل کرو، پھر ہم آگے فیصلہ کریں گے۔ برائے کرم اس حوالے سے رہنمائی فرمادیں کہ یوں کچھ عرصہ دور رہنے سے طلاق واقع ہو جاتی ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

جب شوہر نے زبانی یا تحریری کوئی طلاق نہیں دی تو میاں بیوی کا نکاح قائم ہے اور لوگوں کا یہ کہنا کہ میاں بیوی اتنا عرصہ دور رہیں تو طلاق خود بخود ہو جاتی ہے یہ غلط ہے کیونکہ میاں بیوی میں جدائی خواہ کتنی ہی لمبی اور کتنے ہی سالوں پر محیط کیوں نہ ہو اس کا نکاح پر کچھ اثر نہیں پڑتا، نکاح جوں کا توں قائم رہتا ہے جب تک شوہر طلاق یا خلع نہ دے یا فسخ نکاح کی قابل قبول کوئی صورت نہ پائی جائے اس وقت تک نکاح قائم رہتا ہے خود بخود ختم نہیں ہوتا۔

لہذا بعض افراد کا یہ کہنا کہ میاں بیوی کی طویل جدائی سے طلاق ہو جاتی ہے غلط ہے اور عوام الناس پر لازم ہے کہ مسائل شرعیہ خود سے بیان کرنے کی جرات نہ کریں کیونکہ جس کو علم نہ ہو اس کا مسئلہ شرعی کو بیان کرنا حرام و گناہ ہے لہذا مسائل شرعیہ کے لئے مفتیان کرام سے رابطہ کریں اپنے خیال اور گمان کے مطابق مسائل شرعیہ بیان کرکے نہ خود گناہ گار ہوں اور نہ لوگوں کو تشویش میں ڈالیں۔

حضرت علامہ مولانا مفتی محمد خلیل خان البرکاتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فتاوی خلیلیہ میں فرماتے ہیں: ”کسی مجبوری وضروت کے ماتحت یا بلاضرورت عورت سے دور رہا تو محض اس دوری سے نکاح نہیں ٹوٹتا“ (مزید اسی میں ہے)

”عورت کے گھر بیٹھ جانے سے نہ تو نکاح ختم ہوتا ہے اور نہ طلاق پڑتی ہے، نکاح و مہر بدستور قائم رہتا ہے اور جب نکاح باقی ہے تو اس صورت میں عورت کہیں اور نکاح نہیں کر سکتی۔“ (فتاوی خلیلیہ، ج3، ص173،155، مطبوعہ: ضیاء القرآن)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net